2

4823CH02

# تین مچھلیاں



ایک تالاب میں تین مچھلیاں رہتی تھیں۔ تینوں کی سوچ الگ الگ تھی۔ پہلی کے سامنے اگر کوئی الجھن ہوتی تو وہ فوراً ہی اسے سلجھانے کی کوشش کرتی، کسی کی راہ نہیں دیکھتی تھی۔

دوسری مچھلی بھی ہوشیار تھی لیکن وہ سوچتی تھی، وقت پر جیسا ہوگا ویسا ہی کرلیا جائے گا، ابھی سے پریشان ہونے کی کیا ضرورت ہے۔ تیسری مچھلی یہ مانتی تھی کہ جو ہونا ہے وہ ہوکر رہے گا۔

ایک دن انھوں نے کچھ مچھیروں کو دیکھا، وہ باتیں کررہے تھے:






''اس تالاب میں بہت اچھّی مچھلیاں ہیں، اِنھیں پکڑنا چاہیے۔''
مچھیروں کی بات سن کر پہلی مچھلی پانی کے بہتے دھارے کے ساتھ دوسرے تالاب میں چلی گئی۔

دوسری مچھلی نے بھی مچھیروں کی باتیں سنیں اور سوچا، پہلے اُنھیں آنے تو دو تب جیسا ٹھیک سمجھوں گی، کرلوں گی۔'

تیسری مچھلی نے بھی یہ بات سُنی لیکن اُس نے کوئی پریشانی ظاہر نہیں کی، 'جو ہونا ہے وہ تو ہوگا ہی، اسے کون روک سکتا ہے۔'

جیسا کہ ڈر تھا، مچھیرے دوسرے ہی دن جال لے کر آ پہنچے۔ پہلی مچھلی تو دوسرے تالاب میں چلی گئی تھی۔ دوسری مچھلی جال کو دیکھتے ہی ایسے لیٹ گئی جیسے مرگئی ہو۔ مچھیروں نے اُسے دیکھ کر سچ مچ ہی مَرا ہوا سمجھ لیا اور اٹھا کر ایک طرف پھینک دیا۔ بس اسے موقع مل گیا۔ وہ بھی چُپکے سے بہتے پانی میں کود گئی اور دوسرے تالاب میں پہنچ گئی۔

تیسری مچھلی نے کچھ سوچا نہ کچھ کِیا اور وہ جال میں پھنس گئی۔



# مشق

## I پڑھیے اور سمجھیے:

مچھیرا : مچھلی پکڑنے والا

فوراً : جلدی سے

راہ دیکھنا (محاورہ) : انتظار کرنا

## II سوچیے اور بتایئے:

1۔ پہلی مچھلی اُلجھن کے وقت کیا کرتی تھی؟

2۔ دوسری مچھلی نے اپنی جان کس طرح بچائی؟

3۔ تیسری مچھلی جال میں کیوں پھنسی؟

4۔ آپ کو کس مچھلی کی سوچ اچھی لگی؟

## III خالی جگہیں بھریے:

1۔ ایک .................میں تین مچھلیاں رہتی تھیں۔

2۔ دوسری مچھلی بھی.........................تھی۔

3۔ اس تالاب میں بہت اچھی مچھلیاں ہیں انھیں .....................چاہیے۔

4۔ اس نے کوئی.....................ظاہر نہیں کی۔

5۔ تیسری مچھلی نے کچھ سوچا نہ کچھ کیا اور وہ.................میں پھنس گئی۔

## IV نیچے دیے ہوئے لفظوں سے جملے بنایئے:

الجھن مچھلی جال ہوشیار موقع

© NCERT not to be republished

## V ملا کر لکھیے:

- م + چھ + ل + ی + ا + ں
  ........................
- ہ + و + ش + ی + ا + ر
  ........................
- م + و + ق + ع
  ........................
- د + ے + کھ + ا
  ........................
- پ + ہ + ن + چ + ے
  ........................
- پ + ر + ے + ش + ا + ن
  ........................

## VI بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے:

| فوراً | کوشش | وقت | پریشان | پھنس |
|---|---|---|---|---|
| ............ | ............ | ............ | ............ | ............ |
| ............ | ............ | ............ | ............ | ............ |
| ............ | ............ | ............ | ............ | ............ |
| ............ | ............ | ............ | ............ | ............ |
| ............ | ............ | ............ | ............ | ............ |

## VII عملی کام:

☜ اس کہانی سے آپ نے کیا سیکھا؟ چند جملوں میں لکھیے۔

© NCERT not to be republished